No. of Printed Pages : 7

7966

Register Number | | | | | | | |

Language — Part I — URDU — Paper II

(Grammar and Non-Detailed)

Time Allowed : 2½ Hours] [Maximum Marks : 100

نوٹ : (i) صاف طباعت کے لئے پرچہ کی جانچ کرلیں۔طباعت کی مشکل ہوتو فوراًامتحان ہال کے نگراں کواطلاع دیں۔

(ii) سیاہ یانیلی روشنائی کااستعمال لکھنے کے لئے کریں۔

حصہ اوّل

I. ذیل کے سوالوں میں سے کسی پانچ (5) کے جواب لکھیں۔ **5x1=5**

1. لفظوں سے بننے والے حروف کوکیا کہتے ہیں ؟

2. خاص ہندوستانی حروف بتائیے۔

3. زیر (ـِـ) نشان کوعربی میں کیا کہتے ہیں ؟

4. تنوین کی تعریف کیجئے۔

5. الف مدودہ کیا ہے ؟

6. کوئی دومشدّد الفاظ لکھئے۔

7. اردو میں کن کن زبانوں کے الفاظ شامل ہیں ؟

[Turn over

II. ذیل کے تمام سوالات لازمی ہیں۔ 5x1=5

8. علامت مصدر کی تعریف کریں۔

9. الف مقصورہ کی تعریف کیجئے۔

10. میز پر کتاب ہے۔قلم میں سیاہی نہیں ہے۔ ان فقروں سے حروف الگ الگ کیجئے۔

11. فعل کسے کہتے ہیں ؟

12. مہمل الفاظ بتائیے۔

III. ذیل کے تمام سوالات لازمی ہیں۔ 3x2=6

13. علم صرف کیا ہے ؟

14. اسم کی تعریف کیجئے۔

15. واؤ معروف کیا ہے، مثال دیجئے۔

IV. ذیل کے تمام سوالات لازمی ہیں۔ 20x1=20

16. وہ واؤ جو کھلی طور پر نہ پڑھی جائے، وہ کیا کہلاتی ہے ؟

17. خطاب کیا ہے ؟

18. موسیٰ کلیم اللہ ۔ یہ خطاب ہے یا لقب ؟

19. اسم آلہ کی مثال دیجئے۔

20. اسم صوت کیا ہے ؟

21. بناوٹ کے لحاظ سے اسم کی قسمیں بتائیے۔

22. ضمیریں کیا ہیں ؟

23. تو کہاں گیا تھا، تم کب آئے ۔ یہ ضمیر مخاطب ہے یا ضمیر متکلم ؟

24. زمانے کے لحاظ سے فعل کی قسمیں بتائیے۔

25. اشرف کھڑا ہے۔ اس جملے سے مبتدا اور خبر الگ کریں۔

26. اسم جمع کی کوئی چار مثالیں دیجئے۔

27. او ناداں! عقل سے کام لے، حرفِ ندا اور منادی الگ کریں۔

28. عرف کیا ہے ؟

29. آتا ہے۔ دیکھ رہا ہے۔ کون سے فعل ہیں ؟

30. مفرد جملے کی ایک مثال دیجئے۔

31. پیش (ـُـ) جس حرف پر لگی جائے اُسے کیا کہتے ہیں ؟

32. جملے کی تعریف کیجئے۔

33. فعل امر کیا ہے ؟

34. فعل نہی کی مثال دیجئے۔

35. رحیم نے خط لکھا۔ یہ مثال ہے فعل معروف کی یا فعل مجہول کی ؟

حصہ دوم

V. ذیل میں سے کسی دس سوالوں کے مختصر جواب لکھیں۔ 10x2=20

36. دماغی امراض کے ڈاکٹر کے پاس کسے لے گئے اور کیوں ؟

37. بیماری کے آخری دنوں میں لڑکیوں نے کس طرح اپنا عہد توڑ دیا ؟

38. گرجتے ہوئے عورت نے کیا کہا ؟

39. اڈو کو مولوی احب نے کیا سکھایا تھا ؟

40. سماج نے مایا کو کن باتوں پر روک لگایا تھا ؟

41. بابا بھارتی کی درخواست کا کلہن پر کیا اثر ہوا ؟

42. مُصنف نے مکھن کی ڈبیہ کیوں خریدنا شروع کیا ؟

43. جھوری نے صبح اُٹھ کر کیا دیکھا ؟

44. نچوم کا انجام کیا ہوا ؟

45. باشکروں کے سردار نے زمین فروخت کرنے کی کیا شرط رکھی ؟

46. بڑے میاں نے نرمی سے کیا جواب دیا ؟

47. مسافر نے جاتے وقت کیا دعا دی ؟

48. کیا کئی بچے مل کر ایک ماں کی نگہداشت کر سکتے ہیں ؟

49. کیا جاوید کو سچ مچ بخار تھا ؟

حصہ سوم

VI. ذیل کے ضرب المثال کی وضاحت کریں : 5x1=5

50. آصمان سے گرا، کھجور میں اٹکا

51. اونٹ رے اونٹ، تیری کون سی کل سیدھی

52. اندھا کیا چاہے، دو آنکھیں

53. بھینس کے آگے بین بجانا

54. پھونک پھونک کر قدم رکھنا

VII. ذیل کے محاوروں کی تشریح کیجئے۔ 5x1=5

55. چلو بھر پانی میں ڈوب مرنا

56. جل بھن کر کباب ہو جانا

57. دریا کو کوزے میں بند کرنا

58. دوڑ دھوپ کرنا

59. دانت کھٹے کرنا

VIII. ذیل کی نظم کوغور سے پڑھیں اوراس کے نیچے دیئے گئے سوالوں کے مختصر جواب لکھیں۔ 5x2=10

پھر چھڑی رات بات پھولوں کی
رات ہے یا برات پھولوں کی
پھول کے ہار، پھول کے گجرے
شام پھولوں کی، رات پھولوں کی
آپ کا ساتھ، ساتھ پھولوں کا
آپ کی بات، بات پھولوں کی
نظریں ملتی ہیں، جام ملتے ہیں
مل رہی ہے حیات پھولوں کی
کون دیتا ہے جان پھولوں پہ
کون کرتا ہے بات پھولوں کی
پھول کھلتے رہیں گے دنیا میں
روز نکلے گی بات، پھولوں کی
یہ مہکتی ہوئی غزل مخدومؔ
جیسے صحرا میں رات پھولوں کی

سوالات :

60. رات کس کی بات پھر چھیڑی ہے ؟

61. ہار اور گجرے کس چیز کے ہیں ؟

62. دل کے ساتھ کون سی چیز گئی ؟

63. پھولوں کی بات کب نکلے گی ؟

64. مخدومؔ کی مہکتی ہوئی غزل کیسی ہے ؟

IX. کوئی ایک خط تحریر کریں : 1x10=10

65. سائیکل کی چوری پر تھانے دار کے نام خط لکھیں۔

یا

اپنے اُستاد صاحب کے نام خط لکھ کر چھٹی کی درخواست ۔

X. 66. کسی ایک کہانی کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیں : 1x10=10

(i) کڑوا سچ

(ii) ادّو

(iii) دو بیل

(iv) اعتبار

XI. 67. ذیل کی انگریزی عبارت کا اردو میں ترجمہ کریں۔ 1x4=4

Politness is the mark of gentleman. We should cultivate the habit of politeness. A polite man is liked by every body. Moreover, politeness destroys anger.

- o O o -